# راولپنڈی بورڈ 2023ء

**معروضی طرز**

Inter-(Part-I)-A-2023
(For all sessions)

Roll No. ______ اُمیدوار خود پُر کرے

Paper Code | 6 | 9 | 6 | 6

اصول معاشیات — وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D سے دیے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B,A اور D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**Note:** Write answers to the questions on objective answer sheet provided. Four possible answers A, B, C & D to each question are given. Which answer you consider correct, fill the corresponding circle A, B, C or D given in front of each question with Marker or pen ink on the answer sheet provided.

---

**سوال 1:**

1- توازن ادائیگی کو بہتر کرنے کے لیے قرضہ دینے والا ادارہ ہے:

**The loan providing institution to correct the balance of payment is:**

(A) Islamic Bank اسلامک بنک (B) World Bank ورلڈ بنک
(C) I.M.F بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (D) Asian Bank ایشیائی بنک

2- حکومت کی آمدنی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے:

**The most important source of revenue of govt. is:**

(A) Fee فیس (B) Taxes ٹیکس (C) Local Rates مقامی ریٹ (D) Fines جرمانے

3- وہ اصول ٹیکس جس میں ٹیکسوں کی وصولی پر حکومت کو کم اخراجات برداشت کرنے پڑیں کہلاتا ہے:

**The cannon of taxation in which the govt bear very small cost of collection:**

(A) Cannon of equality اصول مساوات (B) Cannon of economy اصول کفایت
(C) Cannon of elasticity اصول لچکداری (D) Cannon of Productivity اصول پیداواری

4- معیادی امانتیں کہلاتی ہیں:

**The time deposits are called:**

(A) Metalallic money دھاتی زر (B) Paper money کاغذی زر
(C) Near money قریبی زر (D) Legal moeny قانونی زر

5- عالمی معاشی بحران وقوع پذیر ہوا:

**International economic recession occurred in:**

(A) 1945 (B) 1930 (C) 1990 (D) 1976

6- منافع بڑھانے کے لیے فرم......کو کم سے کم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

**To increase profit a firm tries to minimize:**

(A) Revenue وصولی (B) Cost لاگت (C) Demand طلب (D) Supply رسد

7- معاشی قوانین ہوتے ہیں:

**The economic laws are:**

(A) Exact قطعی (B) Permanent اٹل (C) Conditional مشروط (D) Quantitative مقداری

8- جب مختتم افادہ صفر ہوتا ہے تو کل افادہ ہوتا ہے:

**When marginal utility is zero, the total utility is:**

(A) Maximum زیادہ سے زیادہ (B) Minimum کم سے کم (C) Zero صفر (D) Negative منفی

9- ..........کی طلب کی لچک اکائی سے زیادہ ہوتی ہے۔

**Elasticity of demand of ____ salt is more than unity.**

(A) Salt نمک (B) Ghee گھی (C) Car کار (D) Flour آٹا

CS CamScanner

**The elasticity of perishable goods is:** ضیاع پذیر اشیاء کی رسد ہوتی ہے: -10

(A) صفر Zero (B) اکائی سے زیادہ Greater than unity

(C) اکائی سے کم Less than unity (D) لامحدود Infinite

**When AC curve is going down, the MC curve is:** جب اوسط مصارف کا خط نیچے جارہا ہو تو مختتم مصارف کا خط ہوتا ہے: -11

(A) اوپر Above (B) نیچے Below (C) متوازی Parallel (D) افقی Horizontal

**The demand of factors of production is:** عاملین پیدائش کی طلب ہوتی ہے: -12

(A) براہ راست Direct (B) بالواسطہ Indirect (C) مثبت Positive (D) منفی Negative

**Transfer payments include:** انتقالی ادائیگیوں میں شامل ہے: -13

(A) وظائف Stipend (B) مکان کا کرایہ House rent (C) کار کا کرایہ Car fare (D) زمین کا لگان Rent of land

**The rising trend of prices is called:** قیمتوں کے بڑھنے کے رجحان کو کہا جاتا ہے: -14

(A) افراطِ زر Inflation (B) تفریطِ زر Deflation

(C) گردشِ زر Velocity of money (D) مقدارِ زر Quantity of money

**The sun spot theory was presented by:** آفتابی دھبوں کا نظریہ پیش کیا: -15

(A) ایڈم سمتھ نے Adam Smith (B) ریکارڈو نے Ricardo

(C) ڈبلیو ایس جیونز نے W.S Jevons (D) رابنز نے Robbins

**جوابات:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| C -1 | B -2 | B -3 | B -4 | B -5 | B -6 | C -7 | A -8 |
| D -9 | A -10 | B -11 | B -12 | A -13 | A -14 | C -15 | |

## انشائی طرز

Roll No. _______ اُمیدوار خود پُر کرے

*Inter-(Part-I)-A-2023*

(For all sessions)

**اصول معاشیات**

## (حصہ اوّل)

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

**سوال 2** درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 6 × 2 = 12

**Write short Answers of any six parts from the following.**

(i) رابنز کی معاشیات کی تعریف بیان کیجیے۔ **Give definition of economics by Robbins.**

جواب: رابنز کے نزدیک معاشیات ایک ایسا علم ہے جس میں انسان کے اس طرزِ عمل کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو وہ لامحدود خواہشات کو محدود ذرائع سے پورا کرتے وقت اختیار کرتا ہے جب کہ یہ ذرائع مختلف استعمال رکھتے ہیں۔

According to Robbins, economics is a science that studies the behaviour of human beings which they adopt when fulfilling unlimited desires through finite means while the means have definite uses.

(ii) کمیاب ذرائع سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by scarce resources?**

جواب: کمیاب (محدود) ذرائع سے مراد یہ ہے کہ انسان کے ذرائع یعنی اس کی آمدنی اور دولت خواہشات کے مقابلہ میں کم ہوتی ہے۔ اسی طرح ایک ملک کے مجموعی وسائل پیداوار اس ملک کے لوگوں کی ضرورتوں کے مقابلہ میں کم ہیں۔ لہٰذا ہر انسان کو انفرادی طور پر اور پورے ملک کو اجتماعی طور پر خواہشات کو پورا کرنے کے لیے ذرائع کو سوچ سمجھ کر استعمال کرنا پڑتا ہے۔

Scarce resources means that human resources, i.e., income and wealth are less than as compare to desires. Similarly, the total resources of a country are less than the needs of the people of that country. Therefore, every human being individually and the whole country collectively has to use the resources wisely to fulfil their desires.

(iii) کل افادہ کی تعریف کیجیے۔ **Define total utility.**

جواب: کسی شے کی تمام اکائیاں استعمال کرنے سے جو افادہ حاصل ہوتا ہے تو اسے کل افادہ کہتے ہیں۔

The utility obtained by using all the units of an item is called total benefit.

(iv) رویہ صارف کی تعریف کریں۔ **Define consumer behaviour.**

جواب: صارف کے توازن حاصل کرنے (زیادہ سے زیادہ افادہ حاصل کرنے) کی کوشش کو رویہ صارف کا نام دیا جاتا ہے۔

The consumer attempts to acheive equilibrium (maximize utility) are called consumer behaviour.

CamScanner

(v) طلب کی لچک کی پیمائش کے طریقوں کے نام لکھیے۔
**Write the names of methods of measuring elasticity of demand.**

جواب: طلب کی لچک کی پیمائش کے طریقے: 1- فی صدی طریقہ 2- کل خرچ کا طریقہ 3- ریاضیاتی فارمولوں کے ذریعے

Methods of measuring elasticity of demand:

1. Percentage Method 2. Total Outlay Method 3. By Mathematical Formulas

(vi) طلب کی تعریف کیجیے۔
**Define demand.**

جواب: طلب سے مراد کسی شے کے لیے ایسی خواہش ہے جسے پورا کرنے کے لیے صارف کے پاس قوت خرید بھی موجود ہو طلب کہلاتی ہے۔

Demands refers to a desire for something that the consumer has the purchasing power to fulfill is called demand.

(vii) رسد کی تعریف کیجیے۔
**Define supply.**

جواب: رسد سے مراد کسی شے کی وہ مقدار ہے جو کسی ایک وقت میں کسی مخصوص قیمت پر بیچنے کے لیے منڈی میں پیش کی جائے، رسد کہلاتی ہے۔

Supply refers to the quantity of an item that is offered in the market to be sold at a certain price at a given time is called supply.

(viii) رسد کے پھیلاؤ سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by extension of supply?**

جواب: قانون رسد کی رو سے جب کسی شے کی قیمت بڑھتی ہے تو اس کی رسد بڑھ جاتی ہے، اسے رسد کا پھیلنا کہتے ہیں۔

According to law of supply when the price of an item increases, its supply increases, and this is called extension of supply.

(ix) روزمرہ زندگی سے ضائع پذیر اشیاء کی دو مثالیں پیش کریں۔
**Give two examples of perishable goods from practical life.**

1. Milk 2. Fruit

جواب: 1- دودھ 2- پھل

سوال 3: درج ذیل میں سے کوئی سے چھے اجزا کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ **6 × 2 = 12**

**Write short Answers of any six parts from the following:**

(i) اوسط معینہ مصارف پیدائش سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by average fixed costs of production?**

جواب: اوسط معینہ مصارف کل معینہ مصارف کو کل پیداوار پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتے ہیں۔ بنیادی طور پر اوسط معینہ مصارف پیداوار کی فی اکائی معینہ مصارف ہوتے ہیں۔

اوسط معینہ مصارف کا فارمولا:

$$\text{اوسط معینہ مصارف} = \frac{\text{کل معینہ مصارف}}{\text{کل پیداوار}}$$

The average fixed costs are obtained by dividing the total fixed costs by the total output. These are basically the fixed costs per unit of production.

**Formula of average fixed costs:**

$$\text{Average fixed costs} = \frac{\text{Total fixed costs}}{\text{Total production}}$$

(ii) ایک فرم کی اوسط وصولی سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by average revenue of firm?**

جواب: اوسط وصولی سے مراد وہ رقم ہے جو کسی فرم کو اپنی پیداوار کی فروخت سے اوسطاً فی اکائی حاصل ہوتی ہے اسے معلوم کرنے کے لیے کل وصولی کو فروخت کی جانے والی پیداوار کی اکائیوں سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

$$\text{اوسط وصولی} = \frac{\text{کل وصولی}}{\text{پیداوار کی اکائیاں}}$$

Average revenue refers to the amount that a firm receives per unit on average from the sale of its production divided by the total revenue by the units of production sold.

$$\text{Average recovery} = \frac{\text{Total recovery}}{\text{Units of production}}$$

(iii) قانون یکسانی حاصل کا گوشوارہ بتایئے۔
**Prepare the schedule of law of constant returns.**

جواب:

| مختتم پیداوار Marginal production | کل پیداوار Total production | متغیر عاملین Variable factor | معینہ عامل پیدائش Fixed factor production |
|---|---|---|---|
| 10 | 10 | 1 | 10 |
| 10 | 20 | 2 | 10 |
| 10 | 30 | 3 | 10 |
| 10 | 40 | 4 | 10 |

CamScanner

**(iv) قانون تکثیر لاگت یا مصارف سے کیا مراد ہے؟**
**What is meant by the law of increasing costs?**

جواب: جب پیداوار کا عمل قانون تقلیل حاصل کے تحت ہوتا ہے یعنی مختتم پیداوار گرتی جاتی تو مختتم مصارف فی اکائی بڑھتے جاتے ہیں۔ اس لیے قانون تقلیل حاصل کو قانون تکثیر مصارف بھی کہا جاتا ہے۔

When the production process is under the law of diminishing returns i.e. marginal production falls them margianl cost per unit increases. That's why the law reduction gain is also called the law of increasing cost.

**(v) اندرونی یا داخلی کفایتوں سے کیا مراد ہے؟**
**What is meant by internal economies of scale?**

جواب: ایسے فوائد جن کا تعلق کسی خاص کاروبار سے ہو اور دوسرے کاروباران سے فائدہ نہ اٹھا سکیں اندرونی یا داخلی کفائیتں کہلاتی ہیں۔

Benefit which are related to a particular business and cannot be availed from other businesses are called internal economics scale.

**(vi) فرم کے معمولی نقصان اور غیر معمولی نقصان میں کیا فرق ہے؟**
**Differentiate between normal loss and abnormal loss of firm.**

جواب: **معمولی نقصان:** فرم اپنے متغیرہ مصارف پورے کر رہی ہوتی ہے اور کچھ حصہ معینہ مصارف کا بھی پورا کر رہی ہوتی ہے جب معینہ مصارف کا کچھ حصہ نقصان کی صورت میں برداشت کرتی ہے تو اس نقصان کو معمولی نقصان کہتے ہیں۔

**غیر معمولی نقصان:** یہ فرم کے توازن کی ایسی صورت حال ہوتی ہے کہ قیمت فرم کے اوسط متغیرہ مصارف کے برابر ہوتی ہے یعنی فرم کے متغیرہ مصارف ہی پورے ہوتے ہیں اور فرم کا نقصان کل معینہ مصارف کے برابر ہوتا ہے اس نقصان کو غیر معمولی نقصان بولتے ہیں۔

**Normal loss:** The firm is meeting its variable expenses and is also partially meeting certain expenses. When a certain part of the expenses is borne in the form of loss, this loss is called normal loss.

**Abnormal loss:** This is a state of equilibrium in which the price is equal to the average variable cost of the firm. That is, only the variable expenses of the firm are met and the loss of the firm is equal to the total fixed expenses. This loss is called Abnormal loss.

**(vii) کیا اجارہ دار فرم ہمیشہ غیر معمولی منافع کماتی ہے؟**
**Does a monopolist firm always gain abnormal profit?**

جواب: اجارہ داری میں آجر کو کسی اور فرم کا مقابلہ نہیں کرنا پڑتا اس لیے اجارہ دار اپنی شے کی زیادہ سے زیادہ قیمت وصول کر کے عام طور پر غیر معمولی منافع کماتا ہے۔

In monopoly, the employer does not have to compete with any other firm so it is generally assumed that the monopolist makes extraordinary profits by receiving the maximum value of his goods.

**(viii) زمین بطور عامل پیدائش کی چار خصوصیات تحریر کریں۔**
**Write down four characteristics of land as a factor of production.**

جواب: 1- زمین کی رسد محدود ہے۔ 2- زمین قدرتی عطیہ ہے۔
3- جغرافیائی اعتبار سے زمین میں نقل پذیری نہیں پائی جاتی۔ 4- زمین کے مختلف ٹکڑے زرخیزی کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں۔

1. Land supply is limited.
2. Land is a natural gift.
3. Geographically, the earth is not portable.
4. Different parts of the earth vary in fertility.

**(ix) محنت کی حرکت پذیری کو بڑھانے والے چار عوامل تحریر کریں۔**
**Write down four factors of enhancing mobility of labour.**

جواب: 1- کام کی رفتار 2- خام مال کا استعمال 3- اشیا کا معیار 4- لاگت پیدائش

1. Speed of work 2. Utilization of raw material 3. Quality of the product 4. Cost of production

**سوال 4: درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔**
**6 × 2 = 12**

**Write short Answers of any six parts from the following:**

**(i) خالص قومی پیداوار کی تعریف کریں۔**
**Define net national product.**

جواب: اگر خام قومی پیداوار میں سے سرمائے کی شکست وریخت کے اخراجات (فرسودگی الاؤنس) نکال دیے جائیں تو خالص قومی پیداوار حاصل ہو جاتی ہے۔

خالص قومی پیداوار = خام قومی پیداوار − فرسودگی الاؤنس

Gross national product is obtained if capital expenditure is deducted from GDP. So the net national product is obtained. Net national product = Gross national product – Depreciation Allowance

**(ii) انتقالی ادائیگیوں سے کیا مراد ہے؟**
**What is meant by transfer payments?**

جواب: انتقالی ادائیگیاں وہ رقومات ہوتی ہیں جو کسی شخص کو بغیر محنت کے حاصل ہوتی ہیں مثلاً بے روزگاری الاؤنس، زکوٰۃ، خیرات، پنشن، وظیفہ اور تحائف وغیرہ۔

Transfer payments are money that a person receives without hardwork, such as unemployment allowance, zakat, charity, pension, stipend, gifts etc.

(iii) ضارب سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by multiplier?**

جواب: سرمایہ کاری میں اضافہ سے آمدنی میں کئی گنا اضافہ ہوجاتا ہے اور سرمایہ کاری میں کمی سے آمدنی میں کئی گنا کمی ہوجاتی ہے۔ چنانچہ سرمایہ کاری میں تبدیلی سے جتنے گنا آمدنی میں تبدیلی آتی ہے اسے ضارب کہتے ہیں۔

Increasing in investment multiplies income and decreasing in investment multiples income. Therefore, the change in the income from the change in investment is called multiplier.

(iv) ہنڈی سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by bill of exchange?**

جواب: ہنڈی ایک غیر مشروط تحریری حکم نامہ ہے جس پر مرتب کنندہ کے دستخط ہوتے ہیں اور اس میں کسی خاص شخص کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایک معینہ رقم عندالطلب یا ایک خاص مدت کے بعد اسے یا اس کے حکم کے مطابق ادا کرے گا۔

A bill of exchange is an unconditional written order signed by the complier and instructing a particular person to pay a certain amount on demand or after a certain period as per his or her order.

(v) نشان زدہ چیک سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by a crossed cheque?**

جواب: اس چیک پر درج شدہ رقم کی نقد ادائیگی نہیں ہوتی بلکہ یہ چیک اس شخص کے اکاؤنٹ میں جمع ہوتا ہے جس کے نام چیک جاری کیا گیا ہو اور پھر حامل چیک کے ذریعے رقم نکلوائی جاتی ہے۔

The amount written on this cheque is not paid in cash but this cheque is deposited in the account of the person in whose name the cheque is issued and then the money is withdraw through the bearer cheque.

(vi) افراط زر کی تعریف کریں۔

**Define inflation.**

جواب: جب اشیاء کی قیمتوں کا معیار مسلسل تیزی سے بلند ہو رہا ہو تو اسے افراط زر کہا جاتا ہے۔

When commodity prices continue to rise sharply it is called inflation.

(vii) سست روی یا مراجعت سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by recession?**

جواب: جب معیشت مکمل خوشحالی کے دور سے نکل کر مکمل بدحالی کے دور تک پہنچنے میں جتنا عرصہ لیتی ہے اسے مراجعت یا سست روی کہتے ہیں۔

When the economy goes from a period of complete prosperity to a period of complete depression is called recession.

(viii) درآمدات کی تعریف کریں۔

**Define imports.**

جواب: درآمدات سے مراد اشیاء و خدمات کی وہ قدر اور حجم ہے جو دوسرے ممالک سے منگوائی جاتی ہیں۔

Imports are the value and volume of goods and services that are imported from other countries.

(ix) بالواسطہ ٹیکس سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by indirect tax?**

جواب: ایسا ٹیکس جو جس پر لاگو ہو وہی ادا کرے اور آگے منتقل نہ کر سکے براہ راست ٹیکس کہلاتا ہے، مثلاً انکم ٹیکس۔

A tax which cannot be transferred by the person on whom it is applied is called direct tax e.g income tax.

## (حصہ دوم)

**سوال 5:** پروفیسر رابنز کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف کیجیے اور اس کے اہم نکات کی وضاحت کریں۔

**Define Prof. Robbins definition of Economics and explain its main points?**

**سوال 6:** قانون تکثیر حاصل کی وضاحت گوشوارہ اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجیے۔

**Explain the law of increasing return with the help of schedule of diagram.**

**سوال 7:** نظریہ مختتم پیداواری کی وضاحت تفصیل سے کریں۔

**Explain in detail the theory of Marginal Productivity.**

**سوال 8:** افراط زر سے کیا مراد ہے؟ اس کے اسباب بتائیے۔

**What is meant by Inflation. Explain its causes.**

**سوال 9:** ٹیکس عائد کرنے کے اصول بیان کریں۔

**Define Cannon of taxation.**

CS CamScanner